بسم اللہ الرحمن الرحیم. الحمد للہ وحدہ والصلوٰۃ والسلام علی من لا نبی بعدہ

مرقع قادیانی

جلد ۲ | امرتسر - بابت اگست ۱۹۳۲ء | نمبر ۴

بہی خواہان مرقع غور سے پڑھیں

پہلے کئی دفعہ بتایا گیا ہے کہ "مرقع" کی اشاعت حوصلہ شکن تھی خاص کر دوسرے سال میں پچاس کے قریب انکاری ہونے سے اور بھی دل شکن ہو چکی ہے اس لئے جب تک بہی خواہان اسکی اشاعت پر دلی توجہ نہ کریں گے مرقع کا قیام مشکل ہے یقین جانیے اسوقت مرقع اپنا خرچ خود نہیں اٹھا سکتا بلکہ اس کا خرچ دفتر سے دیا جاتا ہے پس واضح رہے کہ جبتک ناظرین مرقع اس کی اشاعت کر کے ہر ایک بہی خواہ خریدار کم سے کم دو خریدار مستقل پیدا نہ کرینگے مرقع ثابت قدم نہ ہوگا - امید ہے ناظرین مرقع ہماری اس واجبی گذارش کو سمع قبول سے سنیں گے۔

نوٹ :- مولوی نور الہی گرجاکھی - حافظ محمد حسن صاحب لاہوری - عبد المجید صاحب ٹھیکیدار مدراس - قاضی محمد عبد اللہ صاحب مانسہری مولوی عبد العزیز صاحب کھوتی چک - مولوی نظام الدین صاحب کوہانی میاں عطاء اللہ صاحب بہاولپوری نے خریدار پیدا کئے ہیں - ان کے ہم مشکور ہیں۔

(مینجر)

علم کلام مرزا

مرزا صاحب کو مخالفین نے ہر طرح جانچا - قرآن سے - حدیث سے - الہام سے - کشوف سے - پیشگوئیوں سے - پیشگوئیوں سے مگر کسی نے آج تک بحیثیت علم کلام، ان کو نہیں جانچا تھا - یعنی محض مصنف اور متکلم کی حیثیت سے وہ کس پایہ کے تھے - اس حیثیت میں ان کے الہامات وغیرہ کو دخل نہیں بلکہ محض علم کلام کی حیثیت معتبر ہے الحمدللہ اس عنوان کا ایک رسالہ بھی تیار ہو کر کتابت ہو رہا ہے - عنقریب ناظرین کی مسرت کا باعث ہوگا قیمت غالباً ۲؍ ہوگی - ناظرین درخواستیں بھیجیں - پہلے درخواست آنے پر محصول ڈاک معاف ہوگا۔

(مینجر)